
## فرمانِ الٰہی



اللہ تم کو انصاف اور احسان کرنے اور رشتہ داروں کو (خرچ سے مدد) دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی اور نامعقول کاموں سے اور سرکشی سے منع کرتا ہے (اور) تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم یاد رکھو۔
(سورۃ نحل آیت نمبر 90)

## فرمانِ رسولؐ



○ حضرت ابوبکر صدیقؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب لوگ کسی ظالم کو ظلم کرتے دیکھیں لیکن ان کے ہاتھ نہ پکڑیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر ایسا عذاب بھیج دے جس کی لپیٹ میں سب آجائیں۔


○ آپس میں بدگمانی نہ کرو، ایک دوسرے کے حالات کا تجسس نہ کرو، ایک کے خلاف دوسرے کو نہ اکساؤ، آپس میں حسد اور بغض سے بچو، ایک دوسرے کی کاٹ میں نہ پڑو، اللہ کے بندے اور آپس میں بھائی بن کر رہو۔ (مسند احمد، ابوداؤد، ترمذی)

## قائداعظمؒ نے فرمایا



اخلاق کی اتنی قدر و قیمت نہیں جتنی اعمال کی ہوتی ہے مجھے یقین ہے کہ جب آپ کو پاکستان کے دفاع، قوم کی سلامتی اور حفاظت کے لیے پکارا جائے گا تو آپ اپنے اسلاف کی روایات کے مطابق شاندار کارناموں کا مظاہرہ کریں گے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ پاکستان کے ہلالی پرچم کو سر بلند رکھیں گے مجھے یقین ہے کہ آپ اپنی عظیم قوم کی عظمت اور وقار کو برقرار رکھیں گے۔
(پنجاب مشین گن رجمنٹ، پشاور، 15 اپریل 1948ء)

## فرمودۂ اقبال



کبھی اے نوجواں مسلم! تدبر بھی کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا
تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاجِ سرِ دارا
(بانگِ درا)




مدیر: مظفر احمد
نائب مدیر: محمد اعظم شاکر
ادارت: کامران چنہ۔ ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی
میڈیا کوآرڈینیٹر: راجہ احسان الحق
اسسٹنٹ جنرل منیجر: عبدالحفیظ انجم
ترسیل: ناصر جاوید
رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، ایڈورٹائزنگ اینڈ سیلز پروموشن ڈیپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725 کراچی 75530
ٹیلی فون نمبر: 9202819 (021)
تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔
لے آؤٹ ڈیزائن: آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ


نقطۂ نظر

# سوچنے کی بات!

روایت ہے کہ خلیفۂ وقت امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ ایک گھنے درخت کے نیچے اپنے احباب کے ہمراہ آرام فرما رہے تھے کہ اچانک درخت پر ایک چڑیا آ بیٹھی۔ وہ پھدکی، اُڑی اور چہچہاتی رہی۔ خلیفۂ وقت کچھ دیر بغور اس کا مشاہدہ فرماتے رہے اور پھر زار و قطار رونے لگے حتیٰ کہ آپ کے آنسو آپ کی ریش مبارک سے ہوتے ہوئے کرتے کے دامن تک جا پہنچے۔ ماحول اچانک سوگوار ہوگیا۔

شرکائے مجلس آپ کی اس کیفیت کو دیکھ کر آزردہ ہوئے۔ بالآخر مجلس کے تمام احباب نے امیر المومنین حضرت عمرؓ سے استفسار کیا "یا امیر المومنین کیا ماجرا ہے؟ آپ اس قدر غمزدہ اور اداس دکھائی دے رہے ہیں؟"

حضرت عمرؓ نے فرمایا "دوستو! یومِ محشر اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہونا ہے اور مجھے کارِ خلافت کا حساب دینا ہے۔ بڑی سخت گھڑی ہوگی۔ میری حتی الوسع کوشش ہے کہ میں اپنی تمام ذمہ داریوں کو بحسن و خوبی سرانجام دوں۔ عدل و انصاف کا بول بالا ہو۔ کسی انسان کی حق تلفی نہ ہو، کسی کے ساتھ ظلم اور زیادتی نہ ہو۔ مستحقین کو ان کا حق پہنچایا جائے۔ میرا ایمان ہے کہ میرے دورِ حکومت میں ایک کتا بھی پیاس سے مرگیا تو مجھے بارگاہِ ایزدی میں اس کا حساب دینا پڑے گا۔"

پھر فرمایا "ساتھیو! اب خوف طاری رہتا ہے کہ عدل اللہ کے روبرو کیونکر حساب دے پاؤں گا؟ اس لیے خیال آتا ہے کہ چڑیا بھی تو میرے پاک پروردگار کی پیدا کی گئی مخلوق ہے، دل چاہتا ہے کہ میں خلیفۂ وقت نہ ہوتا بلکہ یہ چڑیا ہوتا اور آزادی سے زندگی بسر کرتا اور اپنی حیاتِ مستعار گزار کر اس جہانِ فانی سے راہیِ ملکِ عدم ہو جاتا۔"

آئیے، دوستو! ہم بھی ذرا غور و فکر کریں، اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھیں، باری تعالیٰ نے ہمیں اہل اختیارات دیے تو ہم نے کیا انصاف بھی کیا؟ کسی کی حق تلفی تو نہیں کی؟ خود غرضی کا مظاہرہ تو نہیں کیا؟ حق داروں کو قوانین اور اصول و ضوابط کی نام نہاد سولی پر تو نہیں چڑھا دیا؟ ہم نے خود کیا لیا اور بے بس رکھ کر مستحق لوگوں کی جھولی میں کیا ڈالا؟


ایڈیٹر
muz3267@yahoo.com

# مارکیٹنگ فورس کے ٹرینرز کے لیے تربیتی سیمینار

## کارکنان تربیت کے بغیر ادھورے ہوتے ہیں

تحفظ رپورٹ



جناب منظور احمد ایک ٹرینر کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں اس موقع پر محترمہ ممتاز موسیٰ اور سید اظہار حسین رضوی بھی موجود ہیں

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے کہا ہے کہ ٹرینرز کو بھی ٹریننگ دینی چاہیے اور اچھا ٹرینرز ایسے اقدامات اٹھاتا ہے کہ ٹریننگ حاصل کرنے والوں کی دلچسپی اور لگن بڑھ جاتی ہے۔ وہ گزشتہ دنوں پرنسپل آفس میں ایف ایم ڈی کے زیر اہتمام سیمینار میں سدرن ریجن کے ٹرینرز سے افتتاحی خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مارکیٹنگ کے لیے ٹریننگ اور ایجنسی کا اہم رول ہوتا ہے جس پر بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اچھی کمپنیاں روزانہ 45 منٹ ٹریننگ کا سیشن کرتی ہیں جس کا مقصد گھر سے پابندی وقت پر نکلنے کی ترغیب دینا ہوتا ہے جبکہ وضع قطع، لباس اور شخصیت کے بننے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض لوگوں کا یہ تاثر غلط ہے کہ ٹریننگ سے وقت ضائع ہوتا ہے جبکہ ٹریننگ میں بیٹھنے سے سیکھنے، ادب آداب کا سلیقہ آتا ہے اور شخصیت بنتی ہے۔ ڈسپلن ماحول سے آتا ہے اور کلاس روم اس کے لیے بہترین جگہ ہے۔ انہوں نے کہا ایس ای سی پی کے رولز کے تحت بنیادی ٹریننگ لینا ضروری ہے جبکہ غیر تربیت یافتہ نمائندوں کی وجہ سے ادارے پر برے اثرات پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سپاہی خاکی وردی پہننے سے نہیں ٹریننگ سے بنتا ہے اسی طرح بیمہ ایجنٹ بھی تربیت کے بغیر ادھورا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریننگ لینے والوں اور دینے والوں کے لیے مراعات پر غور و خوض ہو رہا ہے جس سے ٹریننگ حاصل کرنے والوں کی بھرپور شرکت ہوگی۔ اس ضمن میں ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز کے لیے بھی کا [illegible] رکھا جائے گا جبکہ ٹرینرز کو ان کی انفرادی سالانہ کارکردگی سے جانچا جائے گا۔

قبل ازیں ایف ایم ڈی کی سربراہ محترمہ ممتاز موسیٰ نے بھی شرکا سے مختصر خطاب کیا اور کہا کہ ٹریننگ پر بھرپور توجہ دیں اور اپنی خوبیوں اور خامیوں دونوں پر نگاہ رکھیں اور سیکھنے کے لیے دوسروں کے تجربات سے فائدہ اٹھائیں۔

پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی سید اظہار حسین رضوی نے اس موقع پر تمام ٹرینرز کو خوش آمدید کہا اور ان کی شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں تمام ٹرینرز میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔



پرنسپل آفس میں ایف ایم ڈی کے زیر اہتمام سیمینار میں ڈویژنل ہیڈ جناب منظور احمد، ایف ایم ڈی کی سربراہ محترمہ ممتاز موسیٰ اور پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی سید اظہار حسین رضوی کے ہمراہ ٹرینرز کا گروپ فوٹو

## ریجنل چیفز/زونل ہیڈز کی تبدیلیاں و تقرریاں

پرنسپل آفس، پی اینڈ جی ایس ڈویژن سے جاری کردہ مختلف سرکلرز کے مطابق زونل ہیڈز کی تبدیلیاں و تقرریاں عمل میں آئیں۔ سرکلر کے مطابق:

- جناب مقصود احمد چوہدری کو ترقی دے کر ریجنل چیف ملتان بنا دیا گیا ہے۔
- زونل سربراہ سرگودھا جناب داؤد ناصر کو فوری طور پر تبدیل کر کے فیصل آباد زون کی اہم ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں جبکہ اس ضمن میں



گوجرانوالہ زون کے قائد جناب خالد محمود شاہد کو فوری طور پر ٹرانسفر کر کے سرگودھا زون کا قلمدان سونپا گیا ہے۔ واضح رہے کہ زونل سربراہ گوجرانوالہ جناب اذکار خان، جو کہ رخصت پر تھے، نے دوبارہ گوجرانوالہ زون کا چارج سنبھال لیا ہے۔

- کراچی سدرن زون کے اے جی ایم (مارکیٹنگ) سید حسن رضا کو فوری طور پر ٹرانسفر کر کے زونل ہیڈ کراچی سینٹرل زون تعینات کیا گیا ہے۔
- ڈپٹی جنرل منیجر سید علمدار حسین کاظمی، جو ان دنوں تعیناتی کے انتظار میں تھے، کو زونل ہیڈ حیدرآباد زون جبکہ زونل ہیڈ حیدرآباد ایم خالد شیخ کو کراچی سدرن زون میں بطور زونل ہیڈ ٹرانسفر کر دیا گیا ہے۔
- زونل سربراہ لاہور ویسٹرن زون جناب سلطان اے شیخ کو فوری طور پر بطور پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی لاہور کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں جبکہ پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی لاہور شہزادہ ایم اقبال قریشی کو ٹرانسفر کر کے سیالکوٹ زون کا سربراہ بنا دیا گیا ہے اور چوہدری ممتاز احمد کو سیالکوٹ سے تبدیل کر کے لاہور ویسٹرن زون کا قلمدان سنبھالنے کو کہا گیا ہے۔
- ایک اور سرکلر کے مطابق پرنسپل آفس کے منیجر پی اینڈ جی ایس ڈویژن ڈاکٹر بخت جمال کو اے جی ایم کے عہدے پر ترقی دے کر پی اینڈ جی ایس ڈویژن میں ہی تعینات کیا گیا ہے۔

# ریئل اسٹیٹ ڈویژن کی مجموعی آمدنی میں اضافہ، اخراجات میں کمی کر دی گئی

## پرنسپل آفس میں منعقدہ خصوصی تقریب، ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کی شرکت

رپورٹ.....محمد اعظم شاکر
اے اینڈ ایس پی ڈپارٹمنٹ



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب اعجاز احمد، سبکدوش ہونے والے اے جی ایم جناب منظور زیدی کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔ سابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محمد جاوید خان اور ڈویژنل ہیڈ ریئل اسٹیٹ ڈویژن جناب ناصر جاوید خان بھی اس موقع پر موجود ہیں

گزشتہ دنوں پرنسپل آفس کے آڈیٹوریم میں اسٹیٹ لائف کے ذیلی شعبہ ریئل اسٹیٹ ڈویژن کی سالانہ کارکردگی کی تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز جناب اعجاز احمد، سید ارشد علی اور محترمہ نرگس گھلو کے علاوہ ڈپارٹمنٹل ہیڈز/ ریجنل چیف سدرن، ریئل اسٹیٹ ڈویژن کے افسران و کارکنان نے شرکت کی۔

تقریب میں ملٹی میڈیا کے ذریعے اسکرین پر ڈویژن کی کارکردگی کے اعداد و شمار دکھائے گئے۔ اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ جناب ناصر جاوید خان نے ڈویژن کی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے گزشتہ چھ سالوں کے اعداد و شمار حاضرین کو دکھائے۔

انہوں نے کہا کہ 2007ء میں ریئل اسٹیٹ ڈویژن کو 638 ملین روپے کی مجموعی آمدنی ہوئی جبکہ 2006ء میں یہ آمدنی 525 ملین روپے تھی۔ اس طرح مجموعی آمدنی میں 21 فیصد اضافہ ہوا۔ اس ضمن میں اخراجات جو 2006ء میں 360 ملین روپے تھے کم ہو کر 2007ء میں 314 ملین رہ گئے۔ اس طرح اخراجات میں 13 فیصد کمی ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ ریئل اسٹیٹ ڈویژن کی خالص آمدنی (Net Income) 2007ء میں 322 ملین ہوئی جبکہ 2006ء میں یہ خالص آمدنی 165 ملین روپے تھی۔ اس طرح خالص آمدنی میں 95 فیصد اضافہ ہوا۔

انہوں نے مزید بتایا کہ کئی برسوں سے مختلف بلڈنگز میں کرائے کے لیے دستیاب جگہیں خالی پڑی تھیں اور اس ضمن میں منصوبہ بندی کی گئی اور مختلف ذرائع بروئے کار لائے گئے اور اس میں ہمیں خاطر خواہ کامیابی ملی اور اب تمام بلڈنگز کا تقریباً 93 فیصد حصہ کرایہ پر ہے بقیہ 7 فیصد کے لیے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلڈنگز کی تعمیرات سے بیمہ داروں کے اعتماد کے ساتھ کاروبار میں کئی سو گنا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے گجرات زون کے انفرادی بیمہ زندگی کے کاروبار کی مثال دی کہ بلڈنگ کی تعمیر سے گجرات زون کے کاروبار میں کئی سو گنا اضافہ ہوا ہے۔

انہوں نے بتایا کہ کئی نئے پروجیکٹس پر کام کر رہے ہیں جس میں گوجرانوالہ، رحیم یار خان اور سرگودھا شامل ہیں جبکہ اسلام آباد میں 19 منزلہ بلڈنگ بھی تیاری کے آخری مراحل میں ہے۔ یہ عمارات جہاں مختلف نجی، سرکاری اور کاروباری اداروں کی ضروریات پورا کرتی ہیں وہاں شہروں کے حسن میں اضافہ کے ساتھ ساتھ بیمہ داروں کے اعتماد میں بھی اضافہ کرتی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ریئل اسٹیٹ ڈویژن میں اسٹاف و افسران کی کمی کے باوجود انتھک محنت



ریئل اسٹیٹ ڈویژن کی خصوصی تقریب میں (دائیں سے بائیں) ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز محترمہ نرگس گھلو، جناب اعجاز احمد اور جناب محمد جاوید خان اور سبکدوش ہونے والے اے جی ایم جناب منظور زیدی

# ڈپٹی جنرل منیجر جناب منظر زیدی کی ریٹائرمنٹ پر اعلیٰ خدمات کا اعتراف

## ڈویژن کی جانب سے انہیں تحائف اور گل دستے پیش کیے گئے



ڈویژنل ہیڈ ریئل اسٹیٹ جناب ناصر جاوید خان اور جناب جمیل ظفر زادہ کا سبکدوش ہونے والے ڈی جی ایم کے لیے اظہار محبت و عقیدت اور جناب منظر زیدی کا اظہار تشکر

اور اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا گیا اور ہر شعبے یعنی آمدنی میں اضافہ کے ساتھ کرائے کے کھیتوں میں اضافہ اور اخراجات میں کمی کر کے قابل قدر کامیابیاں حاصل کی ہیں جبکہ ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کی رہنمائی، چیئرمین جناب کمال افسر کی دوراندیش قیادت اور منصوبہ بندی، ریجنل مانٹرز و زونل ہیڈز کی معاونت اور ڈویژنل/ ڈپارٹمنٹل ہیڈز و دیگر شعبہ جات کے تعاون سے یہ سب ممکن ہوا۔ انہوں نے ان تمام کامیابیوں پر متعلقہ شعبہ جات کے سربراہوں اور ریئل اسٹیٹ ڈویژن کے کارکنان وافسران کو مبارک باد پیش کی۔

بعدازاں اس تقریب میں ڈپٹی جنرل منیجر جناب منظر زیدی کی ریٹائرمنٹ پر ان کی اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں خراج تحسین پیش کیا گیا اور ڈویژن کی جانب سے انہیں تحائف اور گلدستے پیش کیے گئے۔



شرکاء انہماک سے گوش بر آواز ہیں

## ڈپٹی جنرل منیجر سے جنرل منیجر ترقیاں وتبادلے








ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس کے دستخطوں سے جاری کردہ آفس آرڈر نمبر پی اینڈ جی ایس/پی/او/ 67 / 2008 کے مطابق فوری طور پر مندرجہ ذیل آفیسرز کی ڈپٹی جنرل منیجر سے جنرل منیجر کی ترقیوں اور تقرریوں کے احکامات صادر کیے گئے ہیں۔

- جناب ناصر جاوید خان ریئل اسٹیٹ ڈویژن
- راجہ ظفر علی شان ریجنل چیف ناردرن
- جناب خضر حیات عامر ڈویژنل ہیڈ (پی اینڈ اے) ڈویژن پرنسپل آفس۔
- جناب اذکار خان زونل ہیڈ گوجرانوالہ زون سے ڈویژنل ہیڈ (جی اینڈ پی) پرنسپل آفس
- جناب مدد علی انجم ریجنل چیف سینٹرل ریجن
- جناب منظور احمد، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، پرنسپل آفس

سرکلر کے مطابق نئے ڈویژنل ہیڈ (جی اینڈ پی) جناب اذکار خان کے چارج سنبھالنے پر جناب مدثر شمسی بطور زونل ہیڈ جی اینڈ پی زون کراچی میں اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے جبکہ گوجرانوالہ زون کی ذمہ داریاں اے جی ایم مارکیٹنگ جناب نجم الحسن بطور زونل ہیڈ نبھائیں گے۔

## سینٹرل ریجن کے زیرِ اہتمام زونل و سیکٹر ہیڈز کانفرنس کا انعقاد

### کانفرنس کی صدارت ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو نے کی



ریجنل چیف جناب محمد اسلم صابر کے لیے ریجن کی بنیاد پر کارپوریشن میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر ستائش کا انداز

اسٹیٹ لائف سینٹرل ریجن کے زیرِ اہتمام زونل ہیڈز اور سیکٹر ہیڈز کی کانفرنس مقامی ہوٹل لاہور میں منعقد ہوئی جس کی صدارت ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو نے کی۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت اے جی ایم محمد صادق چوہدری کے حصے میں آئی۔ اس موقع پر ریجنل چیف جناب محمد اسلم صابر نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو نے سینٹرل ریجن کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے جناب محمد اسلم صابر اور ان کی ٹیم کے تمام ساتھیوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور پھولوں کے ہار پہنائے اور امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی اپنے وسیع تجربہ کی بنا پر اپنی اعلیٰ کارکردگی کا لوہا منوائیں گے۔

جناب ممتاز احمد چوہدری کو پانچ سالہ کارکردگی کی بنا پر ہر کیڈر میں کارپوریشن میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر مبارک باد دی اور پھولوں کے ہار پہنائے۔ اسی طرح جناب منظور احمد چوہدری کو بلحاظ تجم گزشتہ کئی سالوں سے مسلسل اول پوزیشن قائم رکھنے پر بھی پھولوں کے ہار پہنائے۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے تمام زونز اور سیکٹر ہیڈز کے کاموں کا کاروباری جائزہ پیش کیا اور اعلیٰ کارکردگی کی بنا پر ٹاپ ٹن (10) سیکٹر ہیڈز کو ہار پہنائے اور شاباش دی۔ کم کارکردگی دکھانے والے آخری دس سیکٹر ہیڈز کو بہترین منصوبہ بندی سے کام کرنے کی ہدایت کی گئی۔ آخر میں تمام شرکا کا شکریہ ادا کیا گیا اور پُرتکلف کھانے کی دعوت دی گئی۔




جناب ممتاز احمد چوہدری کو اعلیٰ کارکردگی پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد ہار پہنا رہے ہیں جبکہ محترمہ نرگس گھلو اور جناب محمد اسلم صابر اظہارِ مسرت کر رہے ہیں



جناب
محمد اسلم صابر
خدا حافظ

اسٹیٹ لائف کے ریجنل چیف سینٹرل و جنرل منیجر جناب محمد اسلم صابر یکم مئی 2008ء کو کنٹریکٹ کی مدت ختم ہونے پر اپنی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو گئے۔

جناب محمد اسلم صابر اسٹیٹ لائف کے نہایت تجربہ کار کہنہ مشق افسر تھے۔ موصوف نہایت ہردلعزیز اور دلکش شخصیت کے مالک تھے جو عموماً خوب صورت اور شوخ تکلم کے باعث تمام اسٹاف، کارکنان و افسران میں بے حد مقبول رہے۔ پیشہ ورانہ مہارت کے باعث انہیں کارپوریشن کے مختلف شعبوں میں کام کرنے کا موقع ملا اور انہوں نے ہمیشہ کارپوریشن کی بہتری و فروغ کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے اعلیٰ مقام پایا۔ کارپوریشن میں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مارکیٹنگ فورس کی معاونت کے حوالے سے ان کے مختلف مضامین "تحفّظ" کی زینت بنتے رہے ہیں۔

"تحفّظ" جناب محمد اسلم صابر کے لیے دعا گو ہے اور ان کی صحت و سلامتی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہے۔ اسٹیٹ لائف کے تمام کارکنان اور افسران ان کی اعلیٰ خدمات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔

# سینٹرل ریجن کا جنگل میں منگل

## انعامی مقابلے کے کوالیفائرز کے لیے چھانگا مانگا میں میلہ

چوہدری عبدالحفیظ انجم
نمائندہ تحفظ، سینٹرل ریجن



4 عدد موٹر سائیکل کے انعامات کے لیے قرعہ ڈالا جا رہا ہے

ریجنل چیف سینٹرل جناب محمد اسلم صابر کی جانب سے اعلان کردہ انعامی مقابلہ "چھانگا مانگا کی سیر" کے علاوہ بذریعہ قرعہ اندازی 4 موٹر سائیکل کے لیے سینٹرل ریجن کی کثیر تعداد نے کوالیفائی کیا۔ جس کا اہتمام چھانگا مانگا کے گھنے جنگلات کے درمیان نیشنل پارک میں خوبصورت جھیل کے کنارے کیا گیا۔ تمام کوالیفائرز وقت مقررہ پر دلفریب نیشنل پارک پہنچنا شروع ہو گئے۔ نیشنل پارک میں بے شمار اقسام کے بہت ہی خوبصورت پھول اپنی مسکراہٹیں بکھیر رہے تھے اور یوں محسوس ہو رہا تھا کہ جیسے ہر آنے والے معزز مہمان کو خوش آمدید کہہ رہے ہیں آبی جھیل مختلف نظاروں کے ساتھ معزز مہمانوں کی خصوصی توجہ کا مرکز بنی ہوئی تھی۔

یہ میلہ اسٹیٹ لائف کی تاریخ کا ایک منفرد اور سب سے بڑا میلہ تھا 4 عدد موٹر سائیکل بذریعہ قرعہ اندازی جن خوش نصیبوں کے نام نکلے ان میں غلام عباس سرگودھا زون، افتخار حسین راٹھور فیصل آباد زون، محمد یٰسین اور طارق محمود سیالکوٹ زون۔

اس میلے میں پاکستان کے مشہور کامیڈین عبدالغفار لہری اپنی مزاحیہ فنکاری اور اداکاری کے ذریعے مہمانوں کے دلوں پر راج کرتے نظر آئے اور وہاں ایسا میلے کا سماں تھا کہ ہر فرد خوش اور آئندہ دوبارہ آنے کے ساتھ اسٹیٹ لائف کے تمام انعامی مقابلوں کو جیتنے کے لیے پر عزم دکھائی دے رہا تھا۔



ریجنل چیف جناب محمد اسلم صابر، ڈویژنل ہیڈ ریکل اسٹیٹ جناب ناصر جاوید خان کے ہمراہ سینٹرل ریجن کے زونل ہیڈز کا گروپ فوٹو





چھانگا مانگا کی سیر میں خواتین حاضرین کا گروپ فوٹو جبکہ دوسری جانب جنگلز اوال کر کامیابی کا جشن منایا جا رہا ہے

# فیصل آباد زون کا پہلی پوزیشن کے دفاع کے لیے اظہارِ عزم

## مبارک باد دینے کے لیے دوبارہ آؤں گی، نرگس گھلو



فیصل آباد میں جناب مقصود احمد چوہدری، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو کا استقبال کرتے ہوئے

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے ریجنل چیف سینٹرل ریجن جناب محمد اسلم صابر کے ہمراہ فیصل آباد زون کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے فیلڈ کارکنان اور ایریا منیجرز کی ایک باوقار تقریب میں شرکت کی۔ مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کی کثیر تعداد نے زونل سربراہ جناب مقصود احمد چوہدری کی سربراہی میں ان کا شاندار استقبال کیا۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے زونل سربراہ جناب مقصود احمد چوہدری نے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو کو پہلی بار فیصل آباد آمد پر خوش آمدید کہا۔ انہوں نے دیگر اعلیٰ افسران کا شاندار الفاظ میں خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ فیصل آباد زون کے پرعزم ساتھی ان کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے انہوں نے مقررہ اہداف کو حاصل کرنے کے عزم کی تجدید کی اور کارپوریشن میں اپنی پہلی پوزیشن کا کامیابی سے دفاع کرنے کے عہد کو دہرایا۔

جناب محمد اسلم صابر نے بھی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور ڈویژنل ہیڈ کا خیر مقدم کیا اور انہیں باور کرایا کہ وہ ایسے زون میں تشریف فرما ہیں جس نے پچھلے تین سال مسلسل کارپوریشن میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے ہیٹ ٹرک کی ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ فیصل آباد زون اس سال بھی اپنی کامیابیوں کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے لیڈر آف دی کارپوریشن کا اعزاز حاصل کرے گا۔

ڈویژنل ہیڈ جناب منظور احمد نے زونل سربراہ اور شرکائے تقریب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے فیصل آباد زون کو چیمپئن قرار دیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر صاحبہ کی آمد سے فیصل آباد زون کی کامرانیوں کا گراف مزید بلند ہوگا۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو نے شرکائے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کارپوریشن کو ان پر ناز ہے اور فیصل آباد زون کی شاندار کارکردگی پر انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہیں۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ اگر فیصل آباد زون سال رواں میں بھی لیڈر آف دی کارپوریشن کے اعزاز کو برقرار رکھے گا تو وہ انہیں مبارک باد دینے کے لیے دوبارہ آئیں گی۔

آخر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ایریا منیجر جناب مقبول احمد راٹھ اور دیگر کریڈٹ ایریا منیجرز اور کامیاب فیلڈ کارکنان میں انعامات تقسیم کیے گئے۔



محترمہ نرگس گھلو، جناب منظور احمد، جناب محمد اسلم صابر اور جناب مقصود احمد چوہدری حاضرین سے مخاطب ہیں اس موقع پر رائے مجیب عالم نظامت کے فرائض انجام دے رہے ہیں

# گوجرانوالہ زون کی ترقی کی جانب رواں دواں ہے، منظور احمد

## مارکیٹنگ ہیڈز کی بھرتی کی اہمیت پر زور

رپورٹ.....سید شہزاد حسین زیدی
زونل ہیڈ سیکریٹریٹ، گوجرانوالہ زون

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد گوجرانوالہ زون کے دورہ پر تشریف لائے۔ اس موقع پر گوجرانوالہ زون کے سربراہ جناب خالد محمود شاہد، سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز نے ان کا بھرپور استقبال کیا۔ اس موقع پر انہیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور گوجرانوالہ زون آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا گیا۔

سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کی مشترکہ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب منظور احمد نے گوجرانوالہ زون کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ زون ترقی کی جانب رواں دواں ہے اور وہ دن اب زیادہ دور نہیں کہ گوجرانوالہ زون کا شمار کارپوریشن کے بڑے زونوں میں ہوگا۔ کاروبار میں مزید اضافے کے لیے انہوں نے نئی بھرتی کی اہمیت پر زور دیا مزید برآں نئے نمائندگان کی کامیابی کے لیے ٹریننگ کو مزید فعال بنانے پر بھی زور دیا۔

قبل ازیں زونل سربراہ جناب خالد محمود شاہد نے گوجرانوالہ زون کی کارکردگی پر روشنی ڈالی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ گوجرانوالہ زون کے کاروبار میں اضافہ کے لیے بھرپور کاوشیں کی جائیں گی۔ اس مقصد کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جائے گا۔ پالیسی ہولڈرز کو بروقت خدمات فراہم کرنے کو انہوں نے اپنی اولین ترجیح قرار دیا۔

آخر میں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گوجرانوالہ زون اپنے تمام تر کاروباری اہداف برائے سال 2008ء انتہائی کامیابی سے مکمل کرے گا۔ میٹنگ کے اختتام پر ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز نے بھی کاروباری اہداف کی تکمیل کے عزم کا اعادہ کیا۔



زونل سربراہ جناب خالد محمود شاہد، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد کا گوجرانوالہ زون آمد پر استقبال کر رہے ہیں



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد اور زونل سربراہ جناب خالد محمود شاہد ایریا منیجرز میٹنگ کے دوران حاضرین سے خطاب کر رہے ہیں



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد گوجرانوالہ زون کے دورے پر ایریا منیجرز میٹنگ کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے سیکٹر ہیڈز جناب طارق محمود بیگ، محمد افضل خان، ایوب صابر اور طاہر محمود بیگ، ایریا منیجرز جناب غلام حسین صدیقی، جناب ایم ریاض بیگ، شیخ الیاس کریم اور جناب شہباز علی کو پھولوں کے ہار پہنا کر تعریفی سرٹیفکیٹ پیش کر رہے ہیں ان کے ہمراہ زونل ہیڈ جناب خالد محمود شاہد بھی موجود ہیں

# ملتان ریجن انشاء اللہ اپنی پہلی پوزیشن برقرار رکھے گا، نرگس گھلو

## ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کا دورہ ملتان ریجن

رپورٹ..... مختار راہی
ملتان زون



محترمہ نرگس گھلو زونل ہیڈ جناب آرائیں شکرانی کو اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں شیلڈ پیش کر رہی ہیں، جناب منظور احمد اور جناب مدد علی انجم خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

گزشتہ دنوں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے ملتان ریجن کا دورہ کیا انہوں نے ملتان ریجن کے زونل ہیڈز کانفرنس کی صدارت کی۔

کانفرنس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اس موقع پر ریجنل چیف ملتان چوہدری مدد علی انجم نے خطبہ استقبالیہ کے دوران کہا 27 دسمبر کے سانحہ کے باوجود ملتان ریجن نے بہت اچھے نتائج پیش کیے۔ انہوں نے مارکیٹنگ ڈویژن کے سینئر حکام کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جن کے تعاون سے ان کے کچھ مسائل حل ہوئے۔ انہوں نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد کی خدمات کو سراہا جب سے انہوں نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا چارج سنبھالا ہے ان کا ریجن/ زونز سے بہت اچھا تعاون رہا ہے۔ انہوں نے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو کا ملتان ریجن/ زون کا دورہ کرنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و کرم سے



جناب منظور احمد زونل ہیڈز جناب جناب طاہر احمد خان، آرائیں شکرانی، چوہدری اختر حسین، جناب عبدالعظیم چوہدری اور جناب رمضان شاہ کو اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں خراج تحسین پیش کر رہے ہیں محترمہ نرگس گھلو اور جناب مدد علی انجم خوشی کا اظہار کر رہے ہیں



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو ملتان ریجن کے سیکٹر ہیڈز کو ان کی بہترین کارکردگی پر اعزازی شیلڈز پیش کر رہی ہیں ان کے ہمراہ ڈویژنل ہیڈ جناب منظور احمد اور ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم شاداں نظر آ رہے ہیں

## بہترین کارکردگی پر افسران کے لیے اعزازات وانعامات



محترمہ نرگس گھلو اپنے دورہ ملتان ریجن میں ایک تقریب کے دوران ایریا منیجرز کو طلائی بار پہنا کر اور شیلڈز پیش کر کے خراج تحسین پیش کر رہی ہیں جبکہ جناب منظور احمد اور چوہدری مدثر علی انجم اس موقع پر شادمانی کا اظہار کر رہے ہیں



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو ملتان ریجن کے سیلز منیجرز کو شیلڈز دے رہی ہیں اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ جناب منظور احمد ریجنل ہیڈ چوہدری مدثر علی انجم اور متعلقہ زونل ہیڈز خوشی و مسرت کا اظہار کر رہے ہیں

ملتان ریجن نے پریمیئم سال اول کے حصول میں شرح فیصد کے لحاظ سے 2007ء میں کارپوریشن بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ انہوں نے اس موقع پر ملتان ریجن کے تمام زونل ہیڈ کوارٹرز کی گہرائیوں سے مبارکباد دی۔ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو نے ملتان ریجن کی کارکردگی کو بے حد سراہا اور ملتان ریجن کے تمام زونل ہیڈز کو بہت اچھے نتائج دکھانے پر مبارک باد دی۔ انہوں نے کہا کہ میں پر امید ہوں کہ جس طرح ملتان ریجن نے 2007ء میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے اپنی موجودہ پوزیشن 2008ء میں بھی برقرار رکھے گا۔ میٹنگ کے اختتام پر ملتان ریجن کے زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، سیلز منیجرز اور سیلز آفیسرز کو اعلیٰ کارکردگی پر انعامات پیش کر کے انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔

## ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کے فرائض منصبی میں ردوبدل

پی اینڈ جی ایس پرنسپل آفس سے جاری کردہ آفس آرڈر نمبر پی اینڈ جی ایس/پی-او/060/2008 کے مطابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کے پورٹ فولیوز کی تنظیم نو کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب اعجاز احمد پی اینڈ جی ایس ڈویژن، لاء ڈویژن، بجٹ اینڈ اکاؤنٹس ڈویژن اور انویسٹمنٹ ڈویژن کی نگرانی کریں گے۔ اسی طرح ایگزیکٹیو ڈائریکٹر سید ارشد علی پالیسی ہولڈرز سروسز ڈویژن، کمپیوٹر ڈویژن، ریسرچ اینڈ انٹیلیجنس ڈویژن اور ریئل اسٹیٹ ڈویژن کے امور کی دیکھ بھال کریں گے جبکہ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو کو مارکیٹنگ ڈویژن، گروپ اینڈ پنشن ڈویژن اور ایجوکیشن ریل ڈویژن کا قلمدان سونپا گیا ہے۔